K
1
2
3
4
5
6
7
8

عظیم توقعات

آپ کے بچے کے مستقبل میں شراکت داری کے لئے

Department of Education

Joel I. Klein, Chancellor

عظیم اسکولوں کا آغاز عظیم توقعات سے ہوتا ہے

علمیت کے معیارات ان بنیادوں کی وضاحت کرتے ہیں کہ طلبا کو ہر گریڈ میں کیا جاننے اور کرنے کے قابل ہونا چاہئیے- یہ معیارات یقینی بناتے ہیں کہ تمام بچے اگلے گریڈ میں آگے بڑھنے اور بعد میں کالج میں کامیابی حاصل کرنے، کمائی کرنے اور اپنی برادریوں کے کارآمد اراکین بننے کے لئے تیار ہیں- بچوں میں تعلیم کا شوق پیدا کرنے کی ضرورت ہے جو انھیں ایک ایسی دنیا سے بہتر طور پر وابستہ کرے گی جہاں اہم معلومات تیزی سے تبدیل ہوتی اور ابھرتی ہیں-

اس مسابقتی عالمی معیشت میں کام کی تلاش اور تیزی سے تبدیل ہوتی دنیا میں فرائض کی انجام دہی کے لئے ہمارے بچوں کو پہلے سے کہیں زیادہ جاننے کی ضرورت ہو گی- یہ حقیقت ان سندیافتگان کے لئے ہے جو چار سالہ کالجز میں داخل لینے کا منصوبہ بناتے ہیں؛ اور ان طلبا کے لئے بھی یہ ایک حقیقت ہے جو ہائی اسکول کے بعد ہی پیشہ ورانہ زندگی کا آغاز کرنا چاہتے ہیں-

نیویارک ریاست کے جو معیارات ہم استعمال کرتے ہیں ہمارے طلبا کو ایسا محنت طلب نصاب فراہم کرنے کے لئے وضع کئے گئے ہیں جو اس امر کو یقینی بنائے کہ ان میں تخلیقی، تنقیدی فکری مہارتیں اور مسائل سلجھانے کی قابلیت پیدا ہو جس کی انھیں جدید دنیا کی مشکلات کو حل کرنے کے لئے ضرورت ہوگی- مگر معیارات محض نقطۂ آغاز ہیں، منزل نہیں- ہمارے طلبا علم کی مضبوط بنیاد کی تکمیل اور تعمیر کے ذریعے اپنی تعلیم سے بہترین مفاد حاصل کریں گے-

یہاں آپ کو کچھ مثالیں ملیں گی کہ تعلیمی سال کے اختتام تک چھٹے گریڈ کے طلبا کو فنونِ زبان، ریاضی، معاشرتی علوم اور سائنس میں کیا جاننے اور کرنے کے قابل ہونا چاہئیے- آپ کو ایسے بھی طریقے ملیں گے جن کے ذریعے آپ بحیثیت خاندان کے تدریس کی اعانت کرسکتے ہیں، بشمول ایسی چیزیں جو آپ گھر پر، اپنے گردونواح اور ہمارے عظیم شہر کے اطراف میں کر سکتے ہیں-

یہ گائیڈ چھٹے گریڈ کے لئے معیارات کے صرف چند نمونے فراہم کرتی ہے- دیگر معیارات کا کیا ہو گا؟ آپ کے بچے کو چھٹا گریڈ شروع کرنے سے پہلے کیا سیکھ لینا چاہیے تھا؟ وہ ساتویں اور اس سے اگلے گریڈز میں کیا سیکھے گا؟ آپ ان تمام سوالات کے جوابات اپنے بچے کے استاد سے پوچھ سکتے ہیں یا ویب سائٹ www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics پر تلاش کر سکتے ہیں-

مطالعے کی عمدہ عادات

اپنے بچوں میں مطالعے کی اچھی عادات کے فروغ میں معاونت کے لئے:

- ❑ ہوم ورک کرنے کے لئے گھر میں ایک آرام دہ جگہ مقرر کریں جہاں پین، پینسلیں، کاغذ، قینچی اور ٹیپ جیسا عام سامان قریبی دستیاب ہوں-
- ❑ اپنے بچے کو روزانہ مفوضہ کام لکھنے اور ترتیب کرنے کے لیے کہیں- ان کو یہ سیکھنے کی ضرورت ہے کہ اپنے وقت کو کس طرح منظم کیا جائے اور طویل المعیاد مقاصد کی طرف محنت کی جائے-
- ❑ انکو سب سے مشکل ہوم ورک پہلے کرنے کی ترغیب دیں، نہ کہ آخر میں-
- ❑ اس امر کو یقینی بنائیں کہ مفوضہ کام مکمل اور بروقت ہے- صحیح جواب حاصل کرنے کے بجائے اس کی زیادہ فکر کریں کہ کام مکمل کرنے کے لیے کیا طریقِ عمل اپنایا گیا-

دیگر خیالات کے لئے ملاحظ کیجئیے:
www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics

معذوری کے حامل طلبا:

تاوقتیکہ طلبا کے انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) میں کسی اور طرح بیان کیا گیا ہو، معذوری کے حامل طلبا عمومی تعلیمی نصاب میں شریک ہوں گے جس میں مختلف تدریسی سطوح اور مختلف ماحول کے مطابق ردوبدل کیا جا سکتا ہے (جیسے کہ باہمی ٹیم تدریس یا خصوصی تعلیم کی خود مختار کلاسیں)- موافقت میں تدریسی امداد جیسے کہ کیلکولیٹرز اور بصری آلات کا استعمال، نئی مہارتیں سیکھنے کے لئے اضافی وقت کی فراہمی، اور معذوری کے حامل طلبا کے معیارات کی تکمیل میں مدد کے لئے اسائنمنٹس کی طوالت میں کمی وغیرہ شامل ہو سکتے ہیں-

اپنے بچے کے اساتذہ سے پوچھئیے

علمی معیارات آپ کو اساتذہ سے اس بارے میں بات کرنے کا بہترین موقع فراہم کرتے ہیں کہ آپ کا بچہ اسکول میں کیا سیکھ رہا ہے اور آپ گھر پر اس تعلیم میں کس طرح معاونت کر سکتے ہیں- ذیل میں چند سوالات ہیں جو آپ پوچھ سکتے ہیں-

کسی معیار کے بارے میں مزید جاننا:

- ❑ کیا آپ مجھے طالب علم کے کام کے ایسے نمونے دکھا سکتے ہیں جو اس معیار پر پورا اترتے ہوں؟
- ❑ کیا میں اس معیار سے متعلق اپنے بچے کے کام کے کچھ نمونے دیکھ سکتا ہوں؟
- ❑ تعلیمی سال کے دوران میرا بچہ اس معیار پر کب کام کرے گا؟
- ❑ اس معیار کی تکمیل یا اس سے متجاوز ہونے کے لئے آپ کون سی سرگرمیاں اور سامان استعمال کرتے ہیں؟ آپ کیا کلاس ورک اور ہوم ورک تفیوض کرنے توقع کرتے ہیں؟
- ❑ وہ کون سی مشقیں ہیں جو میں اس معیار میں امداد کے لئے اپنے بچے کے ساتھ کر سکتا ہوں؟
- ❑ اس رہنمائی کتابچہ میں دئیے گئے معیارات کے علاوہ اس سال میرے بچے کے لئے مزید کیا سیکھنا متوقع ہے؟

یہ جاننا کہ آپ کا بچہ اسکول میں کیسا کر رہا ہے:

- ❑ میرا بچہ کن مضامیں میں گریڈ کی سطح پر کام کر رہا ہے؟ کیا کوئی ایسے مضامین ہیں جس میں میرے بچے کو بہتری کی ضرورت ہے؟
- ❑ کیا میرا بچہ گریڈ سطح پر مطالعہ کررہا ہے؟ کیا آپ مجھے چند کتابیں دکھا سکتے ہیں جو میرا بچہ پڑھ سکتا ہے؟
- ❑ میرا بچہ ہر روز ہر مضمون پر کام کرنے میں کتنا وقت صرف کرتا ہے؟
- ❑ آپ دورانِ سال میرے بچے کی ان مضامین میں کس طرح تشخیص کرتے ہیں؟

یہ جاننا کہ اپنے بچے کی معاونت کس طرح کریں:

- ❑ رپورٹ کارڈز کے علاوہ وہ کون سے بہترین طریقے ہیں جن سے اس بارے میں کہ میرا بچہ کیسا کام کر رہا ہے تابہ امروز رہا جا سکتا ہے؟
- ❑ اگر آپ کا بچہ گریڈ کی سطح کے مطابق نہیں ہے: اسکول میرے بچے کو کیا امداد پیش کرنے کے قابل ہے؟ میں اپنے بچے کے ساتھ گھر پر کیا کر سکتا ہوں جس سے میرے بچے کو اسکول میں بہتر کام کرنے میں مدد ملے؟
- ❑ اگر آپ کا بچہ گریڈ کی سطح کے مطابق یا اس سے بالاتر ہے: آپ میرے بچے کی اضافی تعلیمی تقویت اور معاونت کے لئے کیا تجویز کرتے ہیں؟ میں گھر پر کس طرح مدد کر سکتا ہوں؟

6

فنون زبان



تعلیمی سال کے اختتام تک تمام طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہئیے کہ:

- مطالعہ کیے گئے متن کے فہم کو معاونت فراہم کرنے کے لیے متعدد تدابیر جیسے سولات پوچھنا، دوبارہ مطالعہ کرنا، اسکی تلخیص اور ذہنی تصویر بنانے کی کوشش کرنے کا استعمال کرسکیں۔
- یہ تعین کر سکیں کہ ادبی صنعتیں (جیسے کہ تشبیہ اور استعارہ) مصنف کے پیغام کی ترسیل کس طرح کرتے ہیں۔ تشبیہ دو مختلف چیزوں کا بلواسطہ موازنہ ہے؛ استعارہ بلا واسطہ موازنہ یا حوالہ ہے کہ کس طرح دو مختلف چیزیں ایک دوسرے سے مشابہ ہیں۔
- شناخت کر سکیں کہ کہانی کے کردار وقت کے ساتھ کس طرح تبدیل ہوتے ہیں۔
- کم از کم 25 کتابوں کا مطالعہ کرسکریں اور انہیں سمجھ سکیں، بشمول ایک موضوع پر یا ایک ہی مصنف کی یا ایک ہی ادبی صنف کی کم از کم چار کتابیں۔
- مختلف طرز اور مقاصد پر مبنی اپنی اصلی تحریروں کا ایک پورٹ فولیو بنا سکیں جیسے کہ معلوماتی تحریریں (مضامین اور رپورٹس)؛ ادبی تحریریں (کہانیاں، نظمیں اور غیر افسانوی)؛ توضیحی تحریریں (جیسے کہ کتاب یا مووی کے جائزے)؛ اور جوابی تحریریں (جیسے کہ کسی مدیر کو مراسلے)۔
- متعدد اصناف سے خاموش اور باآواز بلند مطالعہ کرسکیں۔
- اسکول کے مضامین سے متعلق عنوانات پر نوٹس، خاکوں اور بصری امداد کے استعمال سے پانچ سے سات منٹ تک کی رپورٹ پیش کر سکیں۔
- اثر انگیز زبان، لب ولہجہ، آواز کی گونج اور انداز کے استعمال سے سامعین کو کسی نکتہ نظر پر قائل کر سکیں۔
- ضروری تفصیلات کو سنتے، شناخت کرتے اور ریکارڈ کرتے ہوئے نوٹس لے سکیں۔
- مترادفات (ایسے الفاظ جن کے معنی ایک ہیں) اور متضادات (ایسے الفاظ جن کے معنی متضاد ہیں) کی شناخت کے لئے لغت استعمال کر سکیں۔

گھر پر تعلیم

اہلِ خانہ کی آبائی زبانوں اور انگریزی میں درج ذیل تدابیر استعمال کی جاسکتی ہیں۔

اپنے بچے کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ کسی لائبریرین یا بک اسٹور کے کسی کتاب فروش سے ان کے لیے دلچسپی رکھنے والی کتابیں تجویز کرنے کی درخواست کرے۔

اپنے بچوں کی تحریر میں دلچسپی کا اظہار کریں۔ اس سے کسی حالیہ تحریر کو پڑھنے کے لئے کہیں اور ان خیالات کے بارے میں پوچھیں جو وہ نظموں، مضامین، یا کہانیوں کی تشکیل و تکمیل کے لئے سوچ رہا ہے۔

اپنے بچے کو تحریر میں خیالات کے اظہار کے نئے طریقے دریافت کرنے کا مشکل کام دیں۔ مثال کے طور پر دیکھیں کہ آپ کا بچہ کسی جذبے کو کتنے طریقوں سے بیان کر سکتا ہے جیسے کہ "خوش" یا "پرجوش"۔ آن لائن مترادفات تلاش کرنے کے لئے ویب سائٹ www.m-w.com پر جا کر "Thesaurus" پر کلک کریں ۔

سننے اور بولنے کی مہارتوں کے فروغ کے لئے **اپنے بچے کو بالغوں کی محفلوں،** جیسے کہ پڑوسیوں کے اجلاس یا کسی ریسٹورنٹ میں کھانے **پر مدعو کریں۔**

ریاضی

تعلیمی سال کے اختتام تک تمام طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہئیے کہ:

- ایک کھرب تک نمبرز لکھ اور پڑھ سکیں (1,000,000,000,000)-.
- متناسب نمبروں (ایسے نمبر جو کسری نمبروں یا تناسبات میں ظاہر کئے جا سکتے ہیں) کو نمبر لائن پر تلاش کرسکیں- مثال کے طور پر ¼ کو ایک نمبر لائن پر 0.25 کی طرح دکھایا جاسکتا ہے-
- متناسب نمبروں کو مختلف طریقوں سے پیش کریں- مثال کے طور پر ½ کو اعشاریہ (0.50) یا شرح فیصد (50 فیصد) کی طرح بھی دکھایا جاسکتا ہے-
- غیر مماثل نسب نما کے ساتھ کسری اور مخلوط اعداد کو جمع، تفریق، ضرب اور تقسیم کر سکیں- مثال کے طور پر ¼ + ½ = ¾ اور 2¾ - 1½ = 1¼-
- مساوی کثیر الاضلاع (ایسی اشکال جن کی تمام پہلو ایک جیسی لمبائی اور تمام زاویوں کی پیمائش ایک ہی ہو) اور غیر مساوی کثیر الاضلاع اشکال کا رقبہ (پہلوں کے اندر کی سطحی جگہ) اور احاطہ (پہلوؤں کی مکمل لمبائی) معلوم کر سکیں-
- کسی دائرے کا احاطہ (پہلوؤں کا فاصلہ) اور رقبہ معلوم کر سکیں-
- حجم کی روایتی اکائیاں جیسے کہ کپس، پائنٹس (گیلن کا آٹھواں)، کوارٹس (چوتھائی) یا گیلنز اور اس کے علاوہ حجم کی میٹرک اکائیاں جیسے کہ ملی لیٹرز، کیوبک سینٹی میٹرز، یا لیٹرز پہچان سکیں-
- سادی تناسب کو حل کر سکیں- مثلاً 4:x = 5:25 کو حل کرسکیں (پانچ، 25 کا پانچواں حصہ ہے اسی طرح چار اسی نسبت سے x کا پانچواں حصہ بھی ہے- جس طرح چار، 20 کا پانچواں حصہ ہے اسی طرح 4:20=5:25)-
- گراف کو پڑھ اور اس کی وضاحت کر سکیں-
- مسائل کو پیش اور حل کرنے کے لئے مختلف طریقے استعمال کر سکیں- مثال کے طور پر الجبرا کی علامات یا جدول کا استعمال کر سکیں-

گھر پر تعلیم

اپنے بچے کے ساتھ اپر ویسٹ سائڈ کے امیرکن میوزیم آف نیچرل ہسٹری، www.amnh.org/rose کے کے **روز سینٹر فار ارتھ اینڈ سپیس کا دورہ کریں،** www.nasa.gov پر خلاء کی تصاویر تلاش کریں یا نیویارک پبلک لائبریری kids.nypl.org میں فلکیات پر کتابیں تلاش کریں- کائنات اور شمسی نظام کی وضاحت کے لئے استعمال کئے جانے والے وسیع ترین نمبروں کے بارے میں بات کریں-

اپنے بچے کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ آپکے اور دیگر اہل خانہ کے ممبران کے ساتھ **بورڈ گیمز** مثلاً شطرنج اور بلیک گیمن **کھیلے-** بورڈ گیمز سے بچوں کے نظم و ضبط، انکی تنقیدی سوچ اور مسائل کو حل کرنے کی صلاحیتوں کو فروغ دینے میں مدد ہوتی ہے- نیویارک شہر کے اسکولوں میں ان پروگرامز کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے چیس ان دا اسکولز کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں: www.chessintheschools.org

اپنے بچے کو نیشنل کونسل آف ٹیچرز آف میتھیمیٹکس کی ویب سائٹ www.figurethis.org/index.html پر **"Figure This" کی تحقیق کے لئے مدعو کریں** جو بچوں اور ان کے اہل خانہ کو ریاضی کے مقابلوں، خیالات اور وسائل سے لطف اندوز ہونے اور ریاضیات کے استعمال میں معاونت کی پیشکش کرتی ہے-

سائنس

چھٹے گریڈ کی سائنس سادہ اور پیچیدہ مشینوں، موسم اور زندگی میں تنوع اور باہمی وابستگی پر تحقیق کرتی ہے-

تعلیمی سال کے اختتام تک تمام طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہئیے کہ:

- سادی مشینوں بشمول لیورز، چرخیاں، پہیے اور دھرے، اور جھکی سطح کی شناخت کر سکیں- یہ سمجھیں کہ پیچیدہ مشینیں جیسے کہ بائی سیکل باہمی تعامل کرنے والی سادہ مشینوں کا مرکب ہیں-
- مخفی توانائی (توانائی جو محفوظ کی گئی ہے)، حرکی توانائی (حرکت کی توانائی)، اور میکانکی توانائی (مخفی اور حرکی توانائی کا مرکب جس کا اطلاق کام کے دوران کسی چیز پر کیا جاتا ہے) کو سمجھ سکیں-
- یہ سمجھ سکیں کہ تمام موسم زمین کی سطح پر غیر مساوی تپش کے باعث وقوع پذیر ہوتے ہیں- دباؤ، نسبتی نمی، درجۂ حرارت، اور ہوا ایسی کیفیات ہیں جو موسم میں تبدیلی کا باعث بنتی ہیں-
- شدید موسمی حالات کو سمجھ سکیں جیسے کہ بارش کا طوفان اور جھکڑ، بگولے، تیز ہوا کے ساتھ برفانی طوفان، اور قحط-
- خلیے کے نظریے کو سمجھ سکیں: کہ خلیہ تمام زندہ چیزوں کی ساخت اور فعالیت کی ایک بنیادی اکائی ہے-
- یک خلوی اور کثیرالخلوی حیاتیات کی مماثلت اور موازنہ کرسکیں — یعنی کہ وہ جو ایک خلیے پر مشتمل ہیں اور وہ جو متعدد خلیوں پر-
- یہ سمجھ سکیں کہ وہ کیا عناصر ہیں جو زندہ چیزوں کی آبادی میں اضافے پر اثر انداز ہوتے ہیں- مثال کے طور پر شکاری، بارش اور غذائی ضرورت کی فراہمی گھاس چرنے والے جانوروں کے سائز کا تعین کرنے میں مدد کرتے ہیں-
- یہ سمجھ سکیں کہ ماحول میں تبدیلی جیسے کہ حرارتِ کرّۂ ارض کی افزائش کس طرح انسانوں اور دیگر جاندار چیزوں پر اثر انداز ہوسکتی ہے-
- یہ سمجھ سکیں کہ جاندار چیزیں زندہ رہنے کے لئے اپنے ماحول سے کس طرح مطابقت پیدا کرتی ہیں- مثال کے طور پر، متعدد جانور اپنے جسم کے درجۂ حرارت کو متوازن رکھنے کے لیے غذائی توانائی کو کس طرح تبدیل کر لیتے ہیں-
- انسانی آنکھ سے نظر نہ آنے والی کسی انتہائی چھوٹی چیز کے سائز کا تعین کرنے کے لئے مرکب خردبین (ایک ایسی خرد بین جس میں چیزوں کو بڑا کر کے دیکھنے کے لئے ایک سے زائد عدسے لگے ہوتے ہیں) استعمال کر سکیں-

گھر پر تعلیم

کیا آپ کا مضافاتی علاقہ کسی ساحلی طوفان یا بارش کے طوفان اور جھکڑ کے باعث پانی کی اونچی سطح کے راستے میں موجود ہے؟ اپنے بچے سے کہیں کہ وہ www.oasisnyc.net/OASISNYC_CoastalStormZones.htm پر کسی متصادم خطِے کی نشاندہی کے لئے نقشہ دیکھے-

اپنے بچے کے ساتھ اپنا ذاتی خاندانی موسمی اسٹیشن بنانے کے لئے **امریکہ میوزیم آف نیچرل ہسٹری کی بچوں کے لیے اولوجی کی ویب سائٹ** amnh.org/ology/earth/stufftodo/weather_main.html **ملاحظ کریں-**

معلومات، گیمز، لنکس، اور مزید چیزوں کے لئے **یونائٹڈ اسٹیٹس کی ماحولیاتی تحفظ کی ایجنسی برائے ارضیاتی افزائش حرارت کی بچوں کی ویب سائٹ** epa.gov/climatechange/kids/index.html **ملاحظ کرنے کے لئے اپنے بچے کی حوصلہ افزائی کیجئیے-**

اپنے بچے سے بات کیجئیے کہ گھر پر آپ کے اہل خانہ پانی، توانائی اور دیگر وسائل کس طرح محفوظ کر سکتے ہیں- اپنے بچے سے کہئیے کہ وہ کوئی ایسا منصوبہ بنائے جس پر آپ کے اہل خانہ عمل کر سکیں-

معاشرتی علوم

چھٹے گریڈ میں طلبا مشرقی نصف کرّۂ ارض بشمول اقوام افریقہ، ایشیا اور یورپ کے جغرافیہ اور ترقی پر تحقیق کرتے ہیں۔

تعلیمی سال کے اختتام تک تمام طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہئیے کہ:

- یہ سمجھ سکیں کہ وقت کی پیمائش سالوں، عشرے، صدیوں اور ہزاروں سال کی مدت میں کی جا سکتی ہے۔
- مشرقی نصف کرۂ ارض کی اقوام (سلطنت روم، وسطی ادوار اور روسی انقلاب) کی کلیدی فیصلہ کن تبدیلیوں اور واقعات کو سمجھ سکیں۔
- حالیہ واقعات کی تاریخی واقعات سے مماثلت اور موازنہ کر سکیں۔
- مشرقی نصف کرۂ ارض کے ممالک کے تاریخی دور کی رپورٹ کے لئے بنیادی ذرائع استعمال کر سکیں۔ مثال کے طور پر اصلی تصاویر، فلموں، ڈائریز اور دیگر براہِ راست مواد کے استعمال سے عالمی جنگ II اور ہولوکاسٹ کی رپورٹ تیار کرنا۔
- مشرقی نصف کرۂ ارض کی ابتدائی تہذیبوں کے ارتقأ کو سمجھ سکیں۔ مثال کے طور پر یہ جان سکیں کہ دریائے دجلہ اور فرات کو تہذیب کا گہوارہ کیوں کہا جاتا ہے۔
- یہ سمجھنے کے لئے نقشوں کو پڑھ اور ان کی وضاحت کر سکیں کہ تہذیبیں وہاں ترقی پذیر ہوئیں جہاں جغرافیائی حالات موافق تھے۔
- مشرقی نصف کرۂ ارض کے ممالک کے قدرتی وسائل کو سمجھنے کے لئے خصوصی مقاصد کے نقشے، گلوبس اور تصاویر استعمال کر سکیں۔
- یہ سمجھ سکیں کہ لوگوں کی نقل مکانی خیالات کے تبادلے کا باعث بنی ہے۔
- یہ سمجھ سکیں کہ مشرقی نصف کرۂ ارض میں لوگوں کی ضروریات کی تکمیل کے لئے حکومتوں میں کس طرح تبدیلی آئی ہے (مثلاً چین، جنوبی افریکہ وغیرہ میں تبدیلیاں)۔
- مشرقی نصف کرۂ ارض کی متعدد اقوام کے لوگوں میں اختیار اور لوگوں کے بنائے ہوئے قانون کے نظریات کی مماثلت اور موازنہ کرسکیں۔

گھر پر تعلیم

اپنے بچے کے ساتھ مشرقی نصف کرۂ ارض کے کسی ملک کا آن لائن اخبار تلاش کریں
— مثال کے طور پر روس کا پراواڈا english.pravda.ru؛ چین کا چائنا ڈیلی، www.chinadaily.com.cn یا لندن؛ برطانیہ کا دی ٹائمز www.timesonline.co.uk/tol/news۔

اپنے بچے کی مشرقی نصف کرۂ ارض میں نیویارک شہر سے "ہمشیزہ شہروں" کے بارے میں جاننے کی حوصلہ افزائی کریں۔ نیویارک شہر کے عالمگیر شراکت داروں کی ویب سائٹ www.nyc.gov/html/unccp/scp/html/scphome/home.shtml پر جاکر "NYC's Sister Cities" پر کلک کریں۔

اپنے بچے کے ساتھ نیویارک میٹروپولیٹن میوزیم آف آرٹ میں مشرقی نصف کرۂ ارض کی متعدد ثقافتوں کے **فن** اور تاریخ کے مختلف ادوار **کی تحقیق کیجئیے۔** میوزیم کے فنی تاریخ کے گوشوارۂ وقت کو آن لائن ملاحظ کیجئیے:
www.metmuseum.org/toah/splash.htm

مزید ضروری معلومات اور مہارتیں

ہمارے چھٹے گریڈ کے طلبا پڑھنے، لکھنے، ریاضی کا کام کرنے سے کہیں زیادہ سیکھ رہے ہیں، اور سائنس اور معاشرتی علوم کے بنیادی تصورات کو سمجھتے ہیں-

- **آرٹس:** چھٹے گریڈ کے طلبا بصری فنون، رقص، موسیقی اور تھیٹر میں حصہ لیتے ہیں- وہ آرٹ کی ہر قسم میں اپنی مہارتوں میں اضافہ کرتے ہیں اور ان اقسام کی تواریخ پر تحقیق کرتے ہیں- وہ اپنے مطالعہ کو تاریخی، ثقافتی، معاشی، اور دیگر ان تمام عناصر سے منسلک کرتے ہیں جو آرٹس پر اثر انداز ہوتے ہیں، اور نیویارک شہر کی آرٹس کے مختلف اور قیمتی وسائل تلاش کرتے ہیں- مزید تفصیلات کے لئے ملاحظہ کریں: www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics
- **تندرستی اور صحت:** طلبا اپنی ذاتی صحت اور سلامتی، اپنے اہل خانہ اور دوستوں کی صحت، اور اپنے اسکولز اور کمیونٹیز کی صحت کو بہتر بنانے کا سلسلہ جاری رکھتے ہیں- مثال کے طور پر تمام مضامین میں طلبا خاندان، ساتھیوں، اور ذرائع ابلاغ کے صحت مندانہ رویوں پر اثرات کا تجزیہ؛ اور صحت مندانہ رویوں پر عمل؛ اور سگریٹ نوشی، اور نشے جیسی خطرناک عادات سے بچنا سیکھتے ہیں- مزید تفصیلات کے لئے ملاحظہ کریں: www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics
- **لائبریری اور تحقیق:** سال کے آخر تک چھٹے گریڈ کے طلبا ایسے سوالات تحریر کرسکتے ہیں جو دلچسپ تحقیق میں رہنمائی کریں؛ مخصوص کتابوں کو تلاش کرنے کے لئے کتابوں کی آن لائن فہرست اور کتابوں کے شیلف میں تلاش کر سکیں، مواد کو ترتیب دینے کے متعدد طریقے بشمول ویب سائٹس اور سبسکرپشن ڈیٹا بیسز کو معلومات کے ذرائع کے طور پر استعمال کر سکیں؛ نتائج اخذ کرنے اور مفہوم تخلیق کرنے کے لئے معلومات اور استدلال کو ایک دوسرے سے منسلک کر سکیں؛ حقائق اور نتائج کو مختلف طریقوں سے پیش کر سکیں؛ اور انٹر نیٹ استعمال کرتے وقت تحفظاتی طریق کار پر عمل کر سکیں- مزید تفصیلات کے لئے ملاحظہ کریں: www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics
- **ٹیکنالوجی:** چھٹے گریڈ کے طلبا ٹکنالوجی اور معلومات کے محفوظ اور ذمہ دارانہ استعمال سے واقف ہیں- طلبا مختلف ذرائع سے معلومات تلاش اور اس کے جائزے کے لئے روزمرہ کے ویب سرچ انجنز اور ٹیکنالوجی کے دیگر ذرائع کے بنیادی سرچ فنکشنز کے استعمال کے عملی اقدامات کی وضاحت کر سکتے ہیں- طلبا اپنے کام کا مناسب طور پرحوالہ دے سکتے ہیں اور کسی دوسرے کے خیالات کے سرقے کے نتائج کو سمجھ سکتے ہیں- مزید تفصیلات کے لئے ملاحظہ کریں: www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics

مزید جانئیے

یہ رہنمائی کتابچہ آپ کو ان متعدد معیارات کا سرسری جائزہ فراہم کرتا ہے جو آپ کا بچہ اس سال سیکھے گا- آپ ہماری تعلیم وتدریس کی ویب سائٹ www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics پر گریڈز K-8 تک کے رہنمائی کتابچے، اسکے علاوہ تمام مضامین اور تمام گریڈز کے مکمل معیارات کی نقول کو ملاحظہ اور ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں-

شعبہ برائے تعلیم و تدریس اور دفتر برائے خاندانی شمولیت اور حمایت (OFEA) آپکے بچے کی تعلیم کے بارے میں اور ان خیالات کے بارے میں دیگر معلومات پیش کرتا ہے کہ آپ کس طرح اپنے بچے کے اسکول کو اعانت فراہم کرسکتے ہیں، دونوں گھر پر اور اپنے بچے کے اسکول میں- مزید معلومات کے لیے تعلیم و تدریس کی ویب سائٹ www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics اور OFEA کی ویب سائٹ www.nyc.gov/schools/languages/urdu/OFEA ملاحظہ کیجئیے- آپ اپنے اسکول کے والدین ربط دہندہ یا OFEA کے ساتھ 2323-374 (212) یا ofea@schools.nyc.gov پر رابطہ بھی کرسکتے ہیں- علاوہ آپ اپنے بچوں کے ساتھ شہر کے دیگر ثقافتی اور تاریخی اداروں کی سیر کے لئے 311 پر فون کر کے معلومات حاصل کر سکتے ہیں-

DIAL 311

NYC Department of Education
Joel I. Klein, Chancellor

T&I-7924 6th (Urdu)